© rasailojaraid.com



تاریخی واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ اسپین کی اسلامی حکومت کے زمانہ میں ایک پادری کی لڑکی کس طرح مسلمان ہوئی۔ مسلمان علماء کے ساتھ لڑکی اور پادریوں کے مناظرے اس تفصیل کے ساتھ درج کیے گئے ہیں کہ مسیحیت اور اسلام کے تقابل کا اچھا خاصہ مواد ان میں مل جاتا ہے۔ تاریخی واقعات کو افسانہ کے رنگ میں اور افسانہ کو مناظرہ کی صورت میں پیش کرنے کا یہ طریقہ خواہ فن افسانہ نگاری کے لحاظ سے کیسا ہی ہو، مگر مسلمانوں کو مذہبی معلومات بہم پہونچانے کے لیے دلچسپ اور مفید ضرور ہے۔

**چراغ امین** | از جناب نکرؔی سلطان پوری ضخامت ۷۰ صفحات۔ پتہ:۔ کنور احمد اعتبار حسین خان، ہاری متوا ڈاک خانہ جگدیش پور، ضلع سلطان پور۔

یہ جناب نکرؔی سلطان پوری کے کلام کا مجموعہ ہے، جو دو حصوں میں منقسم ہے، ایک حصہ نظموں پر اور دوسرا غزلوں پر مشتمل ہے۔ زبان اور طرز ادا پسندیدہ ہے۔

**مساوات اسلامیہ** | از جناب شیخ محمد صاحب قادری کاکوروی، نظیر آباد، لکھنؤ۔ ضخامت ۴۰ صفحات۔ قیمت ۴ر

اس رسالہ میں لائق مؤلف نے مستند مآخذ سے اسلامی مساوات کی حقیقت پر بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ اجتماعی مشکلات کے حل میں کہاں تک اس کا دخل ہے۔

**خلق عظیم** | از قاضی ظہور الحسن صاحب ناظم سیوہاروی ضخامت ۲۰ صفحات، قیمت ۲ر۔ ملنے کا پتہ:۔ قاضی ظہور الحسن صاحب، بمعرفت مولوی محمد نعیم الدین صاحب ایڈووکیٹ۔ محلہ عابد شاپ۔ حیدرآباد۔ دکن۔

اس رسالے میں جناب ناظم صاحب نے نہایت خوش اسلوبی اور کامیابی کے ساتھ سیرت نبوی کے واقعات و روایات کو ان کے اصلی خدوخال میں نظم کیا ہے۔

---

**منظر الکرام** مؤلفہ سید منظر علی اشہر | حیدرآباد دکن کے زندہ اکابر و مشاہیر کا تذکرہ۔ جدید حیدرآباد کی علمی شخصیتوں کے متعلق اس سے بہتر ذخیرہ معلومات اب تک مرتب نہیں ہوا۔ سرکار عالی کے سررشتہ تعلیم نے اس کو حوالہ کی عمدہ کتاب قرار دیکر دفاتر و مدارس تحت کو اسکے خریدنے کی ہدایت کی ہے۔ قیمت چھ روپے۔ مؤلف سے نظام و انٹیرز کلب خیریت آباد کے پتہ پر طلب کیجیے۔

© rasailojaraid.com